


# 2025 انتخابات کی رہنمائی

## ہمارے بچوں کی تعلیم کو تشکیل دینے میں مدد کریں!

NYC Public Schools

NYC Education Councils

on.nyc.gov/Elections2025

/nycschools

# اجتمائی اور شہرگیر تعلیمی کونسلیں (CCECs) کیا ہوتی ہیں اور وہ کیا کرتی ہیں؟

تعلیمی کونسلیں نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے لیے پالیسیاں اور ترجیحات طے کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ قانون کے تحت، ہر کونسل کے پاس کئی مختلف معاملات، بشمول ضلع کے مہتممین کے ساتھ براہِ راست کام کرنا، تعلیمی پروگراموں کا جائزہ لینا، اسکول کی زوننگ حدود کو منظور کرنا اور NYCPS کی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز دینے کے اختیارات اور ذمہ داریاں ہیں۔ 32 اجتماعی تعلیمی کونسلیں (CECs) اور 4 شہرگیر کونسلیں ہیں۔



## اجتماعی تعلیمی کونسلیں (CECs)

CECs رضاکار والدین اور برادری کے قائدین ہیں جو مقامی ضلعی اسکولوں میں طالب علم کی کامیابی کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے کوشاں ہیں۔ ان کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں:

- مقامی مہتمم کے ساتھ ملکر کام کرتے ہوئے تعلیمی پروگراموں میں طالب علم کی پیشرفت کی تشخیص کرنا
- اسکول کی عمارتوں میں بہتری لانے کے لیے تجاویز دینا
- مہتممین اور والدین رابطہ کاران کو ملازمت میں رکھنے کے طریقہ میں حصہ لینا اور مہتمم کی کارکردگی کا سالانہ جائزہ لینا
- مہتمم کی جانب سے جمع کردہ اسکول زوننگ حدود کی منظوری دینا
- چانسلر کے ساتھ ملکر ٹاون ہالز کا انتظام کرنا اور بجٹ اور دیگر معاملات پر سماعت منعقد کرنا جہاں NYCPS کو عوام کی جانب سے تبصرے جمع کرنا درکار ہے
- مشترکہ عوامی سماعتوں میں حصہ لینا اور اسکول کے بند ہونے اور مشترکہ مقامات کے بارے میں معاونت فراہم کرنا
- والدین کے لیے ماہانہ عوامی ملاقاتوں کی میزبانی کرنا تاکہ انہیں NYCPS کی پالیسیوں کے بارے میں بتایا جائے اور خدشات معلوم کیے جا سکیں
- اسکول کی برادریوں میں والدین کو وسائل کے ساتھ منسلک کرکے مدد کرنا اور اسکول قیادتی ٹیم کے ساتھ کام کرنا

## شہرگیر تعلیمی کونسلیں

شہرگیر تعلیمی کونسلیں رضاکار والدین اور برادری کے قائدین ہیں جو NYCPS کو تعلیمی طریقہ کار کے بارے میں مشورہ اور تبصرے دینے کے ذمہ دار ہیں جن کا تعلق طلباء کی مخصوص آبادیوں سے ہے۔

چار شہرگیر کونسلیں ہیں جن میں سے ہر ایک طلباء کے مخصوص گروپ کی نمائندگی کرتی ہیں:

- شہرگیر تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکولز
- شہرگیر کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین
- شہرگیر تعلیمی کونسل برائے خاص تعلیم
- شہرگیر کونسل برائے ضلع 75

# تعلیمی کونسلیں بقدر اعداد

32

**اجتماعی تعلیمی کونسلیں 32 (CECs) کمیونٹی اسکول اضلاع** کی پانچوں بروز میں نمائندگی کرتی ہیں۔

4 +

**شہرگیر کونسلیں** جو تمام پانچوں بروز کے **ہائی اسکولوں کے طلباء، انگریزی زبان کے متعلمین، اور معذوری کے حامل طلباء (ELLs)** کی نمائندگی کرتی ہیں

= 36

**تعلیمی کونسلیں**

ہر **اجتماعی تعلیمی کونسل** میں ووٹ دینے والے 12 اراکین اور ووٹ نہ دینے والے دو اراکین ہوتے ہیں جو اپنے ضلعی اسکولوں کی معاونت کرتے ہیں:



- **نو** ضلعی اسکولوں میں پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 کے **9** والدین یا سرپرست ہوتے ہیں۔ ان اراکین کو ان اسکولوں میں شرکت کرنے والے والدین کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔
  - ان 9 میں سے **ایک** کا IEP کےحامل کسی بچے کا والدین یا سرپرست ہونا لازمی ہے۔
  - ان 9 میں سے کسی **ایک** کا انگریزی زبان متعلم کا والدین یا سرپرست ہونا لازمی ہے۔
- **ایک** اس طالب علم کا والدین یا سرپرست ہوتا ہے جو ضلع 75 (D75) اسکول میں یا CESs ضلع پروگرام میں شرکت کرتا ہے۔ اس رکن کا انتخاب ان اسکولوں اور پروگرام کے طلباء کے والدین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
- **دو** ضلع کے رہائشی یا کاروباری قائدین ہوتے ہیں جسے برو صدر تعینات کرتا ہے۔
- اس کے علاوہ، ہر CEC میں دو ووٹ نہ ڈالنے والے ہائی اسکول سنیئرز ہوتے ہیں جو اس ضلع کے رہائشی ہوتے ہیں جن کا تقرر برادری کا مہتمم کرتا ہے۔

یہ چار **شہر گیر تعلیمی کونسلیں** ذیل کی نمائندگی کرتی ہیں:

- ہائی اسکول کے طلباء (شہرگیر تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول)
- انگریزی زبان کے متعلمین (شہرگیر کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین)
- معذوری کے حامل طلباء (شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم اور شہرگیر کونسل برائے ضلع 75)۔

ہر اجتماعی تعلیمی کونسل تعلیمی پالیسیوں کے بارے میں تجاویز دیتی ہے، NYCPS کی پالیسیوں اور طریقہ کار کی اثر پذیری سے متعلق ایک سالانہ رپورٹ جاری کرتی ہے اور والدین کے لیے ہر ماہ ایک عوامی اجلاس کا انعقاد کرتی ہے تاکہ انہیں NYCPS کے پالیسیوں کے بارے میں بتایا جائے اور ان کے خدشات سے آگہی حاصل کی جا سکے۔

**شہرگیر کونسل برائے ہائی اسکول (CHHS):**ووٹ ڈالنے والے 13 ارکان اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے رکن پر مشتمل ہوتی ہے:



- **دس** (ہر برو میں سے دو) کو اس برو میں ہائی اسکول کے والدین یا سرپرست منتخب کرتے ہیں۔
- **ایک** کو عوامی وکیل کے ذریعے تقرر کیا جاتا ہے، جس کا انحصار ان کے کاروبار کی نوعیت یا تعلیمی تجربے پر ہوتا ہے۔
- **ایک** کو CSE کے ذریعے تقرر کیا جاتا ہے اور اس کا ایک IEP کے حامل ہائی اسکول کے طالب علم کا والدین یا سرپرست ہونا لازمی ہے۔
- **ایک** کو CCELL کے ذریعے تقرر کیا جاتا ہے اور اس کا ہائی اسکول میں ایک انگریزی زبان کے متعلم کا والدین یا سرپرست ہونا لازمی ہے۔
- **ایک** ووٹ نہ ڈالنے والا ہائی اسکول سینئیر کا تقرر چانسلر کی طالب علم مشاورتی کونسل کرتی ہے۔

**شہر گیر کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین (CCELL)** ووٹ ڈالنے والے 11 اراکین اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے رکن پر مشتمل ہوتی ہے:



- **نو** والدین یا سرپرست ان ELL طلباء کے ہوتے ہیں جو آج کل یا پچھلے دو تعلیمی سالوں کے دوران دوہری زبان، عبوری دولسانی تعلیم، یا انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL) پروگرام میں مندرج ہوتے ہیں۔ ان والدین اراکین کا انتخاب موجودہ EELs طلباء کے والدین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
- **دو** افراد جو ELL طلبا کی تعلیم سے متعلق گہرا تجربہ اور علم رکھتے ہیں ان کا تقرر عوامی وکیل کرتا ہے۔
- **ایک** ووٹ نہ دینے والا ہائی اسکول سینئیر ہوتا ہے جو ایک ELL طالب علم ہے (یا تھا) اور اس کا تقرر NYCPS کے دفتر برائے کثیرالسانی متعلمین کرتا ہے۔

**شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم (CCSE)** ووٹ ڈالنے والے 11 اراکین اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے رکن پر مشتمل ہوتی ہے:



- **نو** ان طلباء کے والدین یا سرپرست ہیں جو انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل ہیں اور جو NYCPS کی جانب سے ادا کردہ خاص تعلیم خدمات حاصل کر رہے ہیں۔ ان نو میں سے دو ان والدین یا سرپرستوں کا ہونا لازمی ہے جن کے طلباء D75 کے ایک پروگرام میں مندرج ہیں۔ ان اراکین کو ان طلباء کے والدین منتخب کرتے ہیں جو پبلک، غیر چارٹر اسکولوں میں ایک IEP کا حامل ہوتے ہیں۔
- **دو** افراد وہ ہوتے ہیں جو معذوری کے حامل افراد کی تعلیم، تربیت یا ان کو ملازمت پر رکھنے کا تجربہ اور علم رکھتے ہیں جن کا تقرر عوامی وکیل کرتا ہے۔
- **ایک** ووٹ نہ دینے والا ہائی اسکول میں IEP کا حامل ایک سینئیر ہوتا ہے جس کا تقرر دفتر برائے خاص تعلیم کرتا ہے۔

**شہرگیر کونسل برائے ضلع 75 (CCD75)** ووٹ ڈالنے والے 11 اراکین اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے رکن پر مشتمل ہوتی ہے:



- **نو** ان بچوں کے والدین یا سرپرست ہوتے ہیں جوضلع 75 اسکول یا پروگرام میں مندرج ہوتے ہیں؛ اراکین کو ضلع 75 اسکولوں / پروگراموں میں جانے والے طلباء کے والدین کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔
- **دو** عوامی وکیل کے ذریعے متعین کیے جاتے ہیں اور ان کا ایسے افراد ہونا لازمی ہے جو معذوری کے حامل افراد کو تعلیم دینے، تربیت یا ملازمت دینے کے بارے میں وسیع تجربہ اور علم رکھتے ہوں۔
- **ایک** ووٹ نہ دینے والا ہائی اسکول سینئیر ہوتا ہے جو ضلع 75 پروگرام میں جاتا ہے اور اس کا تقرر ضلع 75 کا مہتمم کرتا ہے۔

# CCEC انتخابات 2025: گوشوارہ وقت کا عمومی جائزہ

**وسط جنوری - وسط فروری**

## درخواست کا دورانیہ

تعلیمی کونسل کی ایک نشست کے لیے درخواست دیں۔

**فروری کا آخر - اپریل کا آخر**

## امیدوار کے فورمز

امیدوار بتاتے ہیں کہ ان کا انتخاب کیوں کیا جائے۔

**اپریل کا آخر - وسط مئی**

## آن لائن ووٹ ڈالیں

ووٹ دینے کے دورانیہ کا اختتام 13 مئی، 2025 کو ہوگا۔

**2025 جون**

## نتائج کا اعلان کیا جائے گا

**01 جولائی، 2025 – 30 جون، 2027**

## تعلیمی کونسل رکن کی معیاد

## ایک این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ کے لیے سائن اپ کریں (NYCSA)

تعلیمی کونسل کی ایک نشست کے انتخاب میں حصہ لینے یا 2025 کے کونسل انتخابات میں اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے، آپ کے پاس اپنے نام کا اور بمعہ اپنے تمام بچوں کے لنک کے ساتھ **لازماً** ایک نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) ہونا چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے یہاں جائیں **schools.nyc.gov/NYCSA** اور آج ہی اس **schoolsaccount.nyc** پر سائن اپ کریں۔

## مزید جانیں

مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:

**on.nyc.gov/Elections2025**

**/nycschools**

T-37746 (Urdu)